[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

**Bill**

*further* to amend the Electronic Transactions Ordinance, 2002

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Electronic Transactions Ordinance, 2002 (LI of 2002), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows; -

1. **Short title and commencement.** – (1) This Act shall be called the Electronic Transactions (Amendment) Act, 2026.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 2, Ordinance LI of 2002.** – In the Electronic Transactions Ordinance, 2002 (LI of 2002), hereinafter referred to as "the said Ordinance", in section 2, in Clause (v), after the word "rules", the words "and regulations made under this Ordinance" shall be inserted.

3. **Amendment of section 18, Ordinance LI of 2022.** In the said Ordinance, in section 18, in sub-section (4), for the words "Federal Government", the words "Prime Minister" shall be substituted.

**Subject:** **STATEMENT OF OBJECT AND REASONS.**

In order to streamline the Electronic Transactions Ordinance, 2002 (LI of 2002) and make the Electronic Certification Accreditation Council more efficient and perform its functions smoothly, certain amendments are proposed in the light of Mustafa Impex Case in the Electronic Transactions Ordinance, 2002 to achieve the aforesaid aim.

Sd/

**(SHAZA FATIMA KHAWAJA)**
**Federal Minister for IT & Telecom**

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے]

# الیکٹرانک ٹرانزیکشنز آرڈیننس، ۲۰۰۲ء

# میں مزید ترمیم کا بل

ہرگاہ، یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے اور ایسے طریقہ کار میں، الیکٹرانک ٹرانزیکشنز آرڈیننس ۲۰۰۲ء (۵۱ مجریہ ۲۰۰۲ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ الیکٹرانک ٹرانزیکشنز (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۶ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **آرڈیننس ۵۱ مجریہ ۲۰۰۲ء کی، دفعہ ۲ کی ترمیم:۔** الیکٹرانک ٹرانزیکشن آرڈیننس، ۲۰۰۲ء (۵۱ مجریہ ۲۰۰۲ء) میں، بعدازیں جس کا حوالہ ''مذکورہ آرڈیننس'' کے طور پر دیا گیا ہے کی، دفعہ ۲ میں، شق (پانچ) میں، لفظ ''قواعد'' کے بعد، الفاظ ''اور اس آرڈیننس کے تحت وضع کردہ ضوابط'' کو شامل کر دیے جائیں گے۔

۳۔ **آرڈیننس ۵۱ مجریہ ۲۰۰۲ء کی، دفعہ ۱۸ کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۸ میں، ذیلی دفعہ (۴) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو، الفاظ ''وزیراعظم'' سے تبدیل کر دیے جائیں گے۔

## بیان اغراض ووجوہ

الیکٹرانک ٹرانزیکشنز آرڈیننس، ۲۰۰۲ء (۵۱ مجریہ ۲۰۰۲ء) کو مؤثر بنانے اور الیکٹرانک سرٹیفکیشن ایکریڈیشن کونسل کو مزید فعال بنانے اور اس کے کارہائے منصبی کو بلا رکاوٹ انجام دینے کے لیے، مصطفیٰ امپیکس کی روشنی میں الیکٹرانک ٹرانزیکشنز آرڈیننس، ۲۰۰۲ء میں بعض ترامیم تجویز کی جارہی ہیں تاکہ مذکورہ بالا مقصد کو حاصل کیا جاسکے۔

شیزہ فاطمہ خواجہ
وفاقی وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کام